

# عام قوانین

## بچوں کے حقوق

سکول میں کھیل اور تیرنا سکھایا جاتا ہے۔ اس میں لڑکیوں اور لڑکوں کو ضروری حصہ لینا ہوگا۔




ریاست بچوں کی حفاظت کا خاص خیال رکھتی ہے۔



اچھی تعلیم سے بچوں کو مستقبل میں اچھی نوکری ملنے کا امکان ہے۔



آسٹریا میں ہر بچے کو **تعلیم کا حق** حاصل ہے ہر بچے کے لیے لازم ہے کہ وہ سکول جائے۔ آپ کا فرض ہے کہ تعلیم میں یا کوئی ہنر سیکھنے میں بھی بچے کی مددکریں ۔




**بچوں کے ساتھ زبردستی کرنا سختی سے منع ہے**




کوئی بھی چھوٹے بچوں یا بالغ بچوں کو ہراساں نہیں کر سکتا - بچوں اوربالغان پر جنسی تشدد یا زبردستی آسٹریا میں سختی سے منع ہے ۔قانون کی خلاف ورزی کرنے والے کے خلاف عدالت میں مقدمہ چلایا جائے گا اور جیل بھی ہو سکتی ہے۔



## عورتوں اور مردوں کے حقوق


**آسٹریا میں عورتوں اور مردوں کے برابر حقوق ہیں۔**
آسٹریا میں عورتیں اُسی طرح فیصلہ کرسکتی ہیں جس طرح مرد کرسکتے ہیں۔



ایک عورت خود فیصلہ کرتی ہے کہ کس کے ساتھ اور کب شادی کرے گی- وہ بغیر شادی کے بھی کسی مرد کے ساتھ رہ سکتی ہے- اور مرد بھی اپنی بیوی یا ساتھ رہنے والی کا انتخاب خود کرسکتا ہے۔



ہم جنس ایک ساتھ رہ سکتے ہیں یعنی عورت عورت کے ساتھ اور مردمرد کے ساتھ بھی رہ سکتے ہیں۔



## جمہوریت اور قانون کی حکمرانی

آسٹریا ایک **جمہوری ریاست** ہے۔ اس کا مطلب ہے آسڑین خود فیصلہ کر سکتےہیں کہ کون ملک میں حکومت کرے گا۔



آسٹریا میں تمام لوگ قانون کی نظر میں برابر ہیں۔

ریاست صرف قانون کے تحت فیصلہ کر سکتی ہے۔



آسٹریا کی پولیس سلامتی عامہ کے لئے ہے۔ خطرہ کی صورت میں پولیس سے رابطہ کریں ۔




## آزادیِ رائے

آزادیِ رائے آسٹریا میں منع نہیں ہے ! ہر انسان کو اجازت ہے کہ وہ اپنے خیالات کا اظہار کرے۔ لیکن اس کی حدود متعین ہیں۔اس کا مطلب یہ ہے کہ آپ دوسرے انسان کی تضحیک نہیں کرسکتے۔



**آسٹریا میں سب کو اپنا مذہب منتخب کرنے کی اجازت ہے**۔ ہر انسان اپنے مذہب کا خود انتخاب کرے اور اس کے مطابق رہے۔



مذہب سے پہلے ملک کا قانون ہے اس کا مطلب ہے کہ آسٹریا کے ادارے ہمیشہ قانون کے تحت فیصلہ کرتے ہیں۔ کبھی بھی مذہبی قوائد و ضوابط کو ترجیح نہیں دی جاتی۔



## انسانی وقار

**سب لوگوں کو برابر کا حق ہے**، ہرآدمی کا حق ہےکہ اسےتمیزاورادب سے بلایا جائے، کسی شخص کویہ حق حاصل نہیں کہ کسی کو بے ادبی سے بلائے یا بے عزت کرے!

کسی کے ساتھ جنس۔عمر۔ تعلیم ۔مذہب ۔ نسب یا شکل وصورت کی بناء پر تفریق نہیں کی جاتی۔



آپ کسی کو غیر اخلاقی جنسی اشارہ یا کسی دوسرے شخص کے بغیراس کی مرضی کے قریب نہیں آ سکتے، ریپ اور جنسی تشدد آسٹریا میں سختی سے منع ہے اور عدالت میں اس کے خلاف مقد مہ چلایا جائےگا- اور جیل بھی ہوسکتی ہے۔



**آسٹریا میں تشدد منع ہے**۔ اپنے خاندان میں بھی تشدد کرنا منع ہے ۔



آسٹریا کے لوگوں کے لئے **شائستگی** بہت اہم ہے، عورت اور مرد کے درمیان بھی۔ مثلاً کسی سےملتے وقت ہاتھ ضرور ملائیں۔



دوسرے لوگوں کا بھی **خیال** رکھیں۔ مثلاً رات کو آرام کے وقت شور مت کریں۔



**جب دیکھیں کہ کسی کے ساتھ زیادتی ہو رہی ہے تو مدد کریں**۔آسٹریا میں جرات مندی کا مظاہرہ بہت ضروری ہے۔



# آسٹریا

## معلومات/حقوق/فرائض/اقدار



BM.I REPUBLIC OF AUSTRIA FEDERAL MINISTRY OF THE INTERIOR

URDU

## آسٹریا

**اب آپ جمہوری آسٹریا میں ہیں۔**

**یہ یورپ کے درمیان میں ہے۔**

**آپ محفوظ ہیں۔**

**اس فولڈ ر کے اندر کچھ اصول درج ہیں جو آسٹریا میں بہت اہم معنی رکھتے ہیں۔ مہربانی کرکے ان اصولوں پر عمل کریں۔**

آسٹریا ایک درمیانہ ملک ہے اس کی آبادی آبادی 8.6 ملین ہے

آسٹریا میں نو صوبے ہیں ( برگر لینڈ، کینڑن، نیدرآسٹریا، اور آسٹریا، سالز برگ،سڑایامارک،

ٹیرول،فارآرل برگ اور وین) وین دارلخلافہ ہے. یہاں کی مادری زبان جرمن ہے -

آسٹریا کی قومی زبان جرمن ہے۔

یہاں اکثریت عیسائیوں کی ہے۔

آسٹریا ایک محفوظ مستحکم ملک ہے۔

یہاں بیش تر لوگوں کے حالات اچھے ہیں۔

آسٹریا میں لوگ ایک دوسرے کے ساتھ مل کر رہتے ہیں۔ یکجہتی کی آسٹریا میں بہت اہمیت ہے۔

لوگ کوشش کرتے ہیں کہ ملک میں امن قائم رہے اور سب لوگ مل جل کر رہ سکیں۔ آپ لوگ ٹیکس صحت،تعلیم اور اپنے تحفظ کے لیے ادا کرتے ہیں

## پناہ گزینی کا حق

**پناہ گزینی حاصل کرنے کے قوانین جنیوا کنونشن میں درج ہیں۔**

**پناہ گزین وہ ہے جس کو ذات،مذہب،قومیت یا کسی خاص گروپ یا پھر کسی سیاسی جماعت کا کارکن ہونے کی وجہ سے جان کا خطرہ ہو۔**

**جس کی یہ وجو بات نہ ہوں لیکن اُسے اپنے ملک میں قتل ہونے یا صحت متأثر ہونے کا خطرہ ہو ،کو امدادی تحفظ دیا جاتا ہے۔**

## پناہ گزینی کی کاروائی


آپ نے آسٹریا میں سیاسی پناہ کی درخواست دی ہے۔ پناہ کے کیس میں آپ کی قانونی مشیر اور ترجمان مدد کریں گے۔ حکومت آپ کی پناہ گزینی کی درخواست پر کاروائی عمل میں لائی گی - آپ کو یہاں تعاون کرنا ہوگا۔



آپ کو اختیار ہے کہ آپ حکام کو اپنی ساری تفصیلات سے آگاہ کریں۔ مثلاً نام و تاریخ پیدائش۔ یہ ضروری ہےکہ آپ سچ بتائیں۔ حکام کو آپ کے انگلیوں کے نشانات اور پولیس کی تشخیصی تفصیلات درکار ہوں گی۔ جو بھی کاغذات آپ کے پاس ہیں وہ حکام کو پیش کریں۔



پناہ گزینی کی کاروائی کے دوران آپ آسٹریا میں رہ سکتے ہیں۔
کاروائی کے دوران حکام کی ضرورت پڑنے پر آپ تک رسائی ممکن ہونی چاہیئے۔
بلانے پر آپ کو مقررہ وقت پر آنا چاہیئے۔



## پناہ گزینی کی کاروائی کا لائحہ عمل

محکمہ یہ فیصلہ کرے گا کہ آیا آسٹریا یا کوئی دوسرا ملک آپکی پناہ گزینی کی درخواست کے لیے زمہ دار ہے۔

آسٹریا میں آپ کو پناہ نہیں ملے گی اگر آپ پہلے کسی محفوظ ملک میں سے آئیں ہیں۔

اگر آسٹریا آپ کا پناہ گزینی کا کیس چلائے گا تو محکمہ آپ کی درخواست کی جانچ پڑتال کرے گا۔



آسٹریا میں آپ کو پناہ نہیں دی جائے گی اگر آپ معاشی حالات کی وجہ سے اپنا ملک چھوڑ کر آئیں ہیں – مثلاً اپنے ملک میں آپ کے پاس زیادہ پیسے نہیں تھے۔




اس وقت پناہ گزینی کے لئے کافی قانونی تقاضوں کی ضرورت ہے جسکی وجہ پیش رفت میں تاخیر ہو رہی ہے۔





LEGAL NOTICE

**Publisher:**
Federal Ministry of the Interior
Competence Centre Communication (I/5),
1010 Vienna, Herrengasse 7

**Illustrations and layout:**
Lindenau Productions GmbH, 1030 Vienna

**Maps:** PROverbis e.U., 1020 Vienna

**Producer:**
Seebacher GmbH, 9620 Hermagor

This folder is also available here:
**www.refugee-guide.at**

06/2016


اگر آپ کی پناہ گزینی کی کاروائی کا انجام مثبت نکلتا ہے تو آپ آسٹریا میں رہ سکتے ہیں۔




اگر آپ کےپناہ گزینی کے کیس کا فیصلہ آپ کے حق میں نہ ہوا تو آپ کو آسٹریا چھوڑنا پڑے گا۔




## ہنگامی حالات فون نمبرز

یورو ایمرجنسی کال **112**

عملہ آتش فرو **122**

پولیس **133**

ایمبولینس **144**

ہنگامی ڈاکٹر **141**

عورتوں کے ہیلپ لائن **0800/222 555**

